5971- جب بیوی خاوند کو اپنی خواہش پوری کرنے کی دعوت دے اور وہ نہ کرے

سوال

کچھ بہنوں کا سوال ہے کہ :

ہم نے یہ حدیث تو سنی ہے کہ آدمی جب اپنی بیوی کو ہم بستری کی دعوت دے اور بیوی نہ جائے تو فرشتے اس پر صبح تک لعنت کرتے ہیں ۔

توسوال یہ ہے کہ :

اگر بیوی اپنے خاوند کو ہم بستری کی دعوت دے اور خاوند نہ کرے تو پھر کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

کسی بھی مرد کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنی بیوی کو تکلیف اور نقصان دینے کے لیے اس سے ہم بستری ترک کرے ، لیکن جب بیوی کی نافرمانی اور بددماغی ظاہر ہو تو پھر چھوڑنے میں کوئی حرج نہیں ۔

لیکن جب خاوند اپنی بیوی سے ہم بستری نہ کرے جس میں اس کا مقصد اسے تکلیف دینا نہ ہو تو پھر اس میں اس پر کوئی گناہ نہیں ، اس لیے کہ ضرورت اسے ہے اور اس کی شہوت پر منحصر ہے اور وہ شہوت کو ابھارنے کا مالک نہیں ، اور اگر وہ اسے چھوڑتا ہے تو اس سے وہ بھی گنہگار ہوگا ۔

اس لیے کہ فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے :

(نہ تو خود نقصان اٹھاؤ اور نہ ہی کسی دوسرے کو نقصان دو) ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .